آپ کو صحت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے اَب بہت سی مختلف جگہوں پر جانے کی ضرورت نہیں ہے۔

معلومات کا ایک ذریعہ

ایک دنیا میں جہاں بہت زیادہ معلومات ملتی ہیں، یہ جان کر آپ کا اعتماد بحال ہو گا کہ ایک ایسی جگہ ہے جہاں آپ کو صحت کے معاملات کے بارے میں وہ معلومات مل سکتی ہیں جن کی آپ کو ضرورت ہو۔ اِس بات کو جان کر آپ کا اعتماد مزید بحال ہو گا کہ یہ معلومات آپ کو این ایچ ایس سکاٹ لینڈ سے ملتی ہیں۔ این ایچ ایس انفارم ایک نئی معلوماتی سروس ہے جو آپ کو آپ کی ضرورت کے مطابق معلومات تک رسائی دینے کیلئے تیار کی گئی ہے، جب آپ کو اِن کی ضرورت ہو۔ آپ آن لائن معلومات حاصل کر سکتے ہیں www.nhsinform.co.uk یا فون پر بات کر سکتے ہیں 88 44 22 0800 (صبح 8:00 بجے تا 10:00 بجے شام)

این ایچ ایس انفارم سروسز

ہم فراہم کر سکتے ہیں:

- صحت سے متعلقہ معاملات کے بارے میں عام معلومات
- صحت کے بارے میں پوچھے جانے والے عام سوالات کے جوابات
- صحت اور فلاح و بہبود کے موضوعات کے متعلق معلومات
- www.healthinmylanguage.com - ترجمہ شدہ معلومات برائے صحت
- خبروں کی سرخیوں کے پیچھے کیا ہے - صحت کے مسائل پر غور و خوض اور خبروں کا بننا
- این ایچ ایس سکاٹ لینڈ کے اندر مقامی معلومات کے ذرائع کا آپس میں رابطہ
- آپ کے حقوق کے بارے میں معلومات
- ایک آن لائن معلوماتی سروس

سب کیلئے معلومات کا ایک ذریعہ

ہم بھروسے مند معلومات تک رسائی فراہم کرتے ہیں اور یہ معلومات بہت سے مختلف طریقوں سے آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ ہم صحت سے متعلقہ معلاملات کے بارے آپ کو معلومات دے سکتے ہیں، صحت کے بارے میں عام سوالات کا جواب دے سکتے ہیں اور صحت سے متعلقہ تازہ ترین خبروں کے بارے میں آپ کو معلومات دے سکتے ہیں۔ ہمارے پاس صحت اور فلاح و بہبود کے خاص موضوعات کے بارے میں اُن لوگوں کیلئے بھی معلومات موجود ہیں جو ذیابیطس اور دمے کے مرض میں مبتلا ہیں، جی پی کے پاس کیسے اندراج کروایا جاتا ہے، اِس کے بارے میں معلومات موجود ہیں۔ ہم سکاٹ لینڈ کے اندر مقامی معلومات کے ذرائع سے رابطہ رکھتے ہیں، جیسے کہ آپ کے علاقے میں موجود سپورٹ گروپس اور آپ کے حقوق کے بارے میں معلومات، جب اِن کا تعلق آپ کی صحت سے ہوتا ہے۔

اگر آپ کو وہ معلومات نہیں ملتی جو آپ ڈھونڈ رہے ہوتے ہیں تو ایک آن لان انکوائری سروس (معلوماتی سروس) موجود ہے یا آپ ہمیں فون کر سکتے ہیں: 88 44 22 0800، اور ٹیم کا ایک ممبر آپ کی بات کا جواب معلوم کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

ایک ترقی پذیر سروس

چونکہ ہم اَب بھی ترقی کر رہے ہیں اور این ایچ ایس انفارم کو بہتر بنا رہے ہیں، ہم اپنی سروس کو مسلسل نیا اور درست کریں گے، اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ ہم آپ کو حالیہ طور پر دستیاب نئی اور درست معلومات فراہم کریں جن کا آپ سے بہت زیادہ تعلق ہو۔

ایک جگہ پر جوابات

این ایچ ایس انفارم آپ کیلئے جواب معلوم کر سکتے ہیں،
خواہ آپ:

- اپنے قریبی این ایچ ایس ڈینٹسٹ (دانتوں کا ڈاکٹر) کو ڈھونڈ رہے ہوں
- جاننا چاہیں کہ آپ کی مقامی جی پی (ڈاکٹر) سرجری کب کھلتی ہے
- جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کو اپنی چھٹیوں پر جانے کیلئے کون سے حفاظتی ٹیکے لگوانے کی ضرورت ہے
- جاننا چاہتے ہیں کہ سگریٹ نوشی چھوڑنے کے گروپ میں کیسے شامل ہونا ہے
- سپورٹ گروپس کو ڈھونڈ رہے ہیں یا
- فیملی پلاننگ (خاندانی منصوبہ بندی) کلینک کو تلاش کر رہے ہیں۔

ہم سے رابطہ فرمائیں

اگر آپ کی کوئی آراء ہیں یا سوالات پوچھنا چاہتے ہیں یا آپ مزید معلومات جاننا چاہتے ہیں کہ این ایچ ایس انفارم کیسے ترقی کر رہا ہے تو برائے مہربانی ای میل کریں:
nhs.inform@nhs24.scot.nhs.uk

متبادل اشکال

اگر آپ اِس لیف لٹ کی ایک نقل کسی اور زبان یا شکل میں لینا چاہیں گے، جیسے کہ بڑے حروف کی طباعت میں تاکہ آسانی سے پڑھا جا سکے، کیسٹ پر، برٹش سائن لینگویج (اشاروں کی زبان) (BSL) میں ویڈیو پر یا اندھوں کے رسم الخط میں، تو برائے مہربانی ہم سے رابطہ فرمائیں: 0800 22 44 88۔ اگر آپ کے پاس ٹیکسٹ فون ہے تو 18001 0800 22 44 88 پر ڈائل کریں۔